ادارہ

تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: تذکار صالحات مؤلف: جناب علامہ طالب ہاشمی ضخامت: ۲۹۶ صفحات
قیمت: -/۱۵۰ روپے ناشر: البدر پبلیکیشنز اردو بازار لاہور۔

جناب محترم طالب ہاشمی صاحب ملک کے نامور اہل قلم علمی تحقیقی اور ادبی و تاریخی شخصیت ہیں، درجنوں تصنیفات و تالیفات آپ کے قلم زرین رقم سے منصۂ شہود پر آئی ہیں اور یہ سلسلہ تاہنوز اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ جاری و ساری ہے، ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی تحریر کو مزید جولانی عطا فرمائے، تا کہ مختلف النوع موضوعات پر آپ کی لکھی گئی کتابیں روح کی بالیدگی اور قلب و جاں کی طراوت و تازگی کا سامان کر سکیں، یوں تو آپ نے مختلف عنوانات پر تصنیفات کی ہیں، لیکن تاریخ اسلام اور پھر بالخصوص شخصیات اسلام کی سیرت و سوانح پر آپ کی گہری نظر ہے، یہی وجہ ہے کہ آپ کی تالیفات کا اکثر حصہ سیرت و سوانح پر مشتمل ہے۔ زیر تبصرہ کتاب تذکار صالحات بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، جس میں بارہ برگزیدہ خواتین کے زیر عنوان حضرت حوا علیہا السلام، حضرت سارہ علیہا السلام، حضرت ہاجرہ علیہا السلام، حضرت رفقہ علیہا السلام، حضرت رعلہ علیہا السلام، حضرت راحیل علیہا السلام، حضرت لیا علیہا السلام، حضرت ام موسیٰ علیہا السلام، حضرت آسیہ علیہا السلام، حضرت صفورا علیہا السلام، حضرت الیشبع علیہا السلام اور حضرت مریم علیہا السلام جیسی باعفت و برگزیدہ خواتین کے تذکرے ہیں۔ اس کے بعد ذکر صحابیات میں تقریباً ۱۲۲ صحابیات بعد ازاں تابعیات کے روح پرور سوانح اور تذکرے ہیں۔ دور قریب (ماضی قریب) یا عہد حاضر کی چند صالحات کے نام سے دور حاضر کی بعض صالحات خواتین کا تذکرہ ہے جسے پڑھ کر ایک ڈھارس بندھ جاتی ہے۔ کہ ابھی کچھ لوگ باقی ہیں جہاں میں۔ یا ابھی اگلی شرافت کے نمونے پائے جاتے ہیں۔ کتاب میں جابجا مفید حواشی کا التزام بھی کیا گیا ہے۔ جس سے کتاب کی اہمیت و افادیت میں مزید اضافہ ہوا ہے اور وہ بذات خود ایک تالیف ہے۔ کتاب کی وجہ تالیف کے بارے میں خود مؤلف کا بیان قابل توجہ ہے۔

”آج سے تیس چالیس سال پہلے وطن عزیز میں خواتین کے لئے پاکیزہ کردار ساز لٹریچر کی شدید کمی تھی، اور مخرب اخلاق لٹریچر ملک میں کثرت سے پھیل رہا تھا، بعض دردمند اہل قلم نے اس صورت حال کو شدت سے محسوس کیا اور گزشتہ چند سالوں میں متعدد عمدہ کتابیں لکھ کر اس کمی کو دور کرنے کی مقدور بھر کوشش کی۔ اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں بھی اس کام میں حصہ لینے کا جذبہ پیدا کیا، اور میں نے تذکار صحابیات سیرت حضرت فاطمۃ الزہراؓ اور تاریخ اسلامی کی چار سو باکمال خواتین بطور خاص خواتین کے لئے لکھیں۔ زیر نظر کتاب اس سلسلہ کی چوتھی کڑی ہے۔“